# فطرے کے مسائل

رہبر معظم آیت اللہ خامنہ ای- (ولی فقیہہ مسلمین)

اور

آیت اللہ سیستانی دامت برکاتہ

(کے فتاوی کے مطابق)

Presented by: https://jafrilibrary.com/

# فطرہ کے معنی کیا ہیں؟

**معنی**

- **افطار**: پہلا معنی یعنی زکات افطار روزہ ہے
- **خلقت**: یعنی زکات بدن ہے کیونکہ بدن کو بلاوں سے محفوظ رکھتی ہے
- **اسلام**: معنی زکات اسلام کے شعائر میں سے ہے


Presented by: https://jafrilibrary.com/

# فطرہ کی مقدار کتنی ہے؟



احتیاط واجب: زکات فطرہ کم از کم ایک صاع یا تین کیلو گندم اور زیادہ سے زیادہ ایک سال کا خرچ کا فطرانہ غریب کو دینا ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/




احتیاط واجب: زکات فطرہ کم از کم ایک صاع یا تین کیلو گندم اور زیادہ سے زیادہ ایک سال کا خرچ کا فطرانہ غریب کو دینا ہے۔

# فطرہ کی نیت کیا کریں؟



کیونکہ فطرہ واجبات عبادی میں سے ہے اس لیئے قربۃ الی اللہ کی نیت کے ساتھ ادا کیا جائے

Presented by: https://jafrilibrary.com/




ضروری ہے کہ فطرہ قربۃ الی اللہ کی نیت اور اخلاص کے ساتھ ادا کرے، لیکن اگر بغیر قصد قربت اور بغیر اخلاص کے فطرہ ادا کرے تو ادا ہو جائے گا، لیکن گناہگار ہو گا۔

# فطرہ میں کیا دیا جائے؟



قوت غالب پر منحصر نہیں ہے اگر گندم، جو، کھجور یا اس جیسی غذا جو اکثر لوگ کھاتے ہیں دے تو کافی ہے۔ معادل رقم بھی دی جا سکتی ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/




**قوت غالب:** گندم، جو، کھجور، چاول یا کارن جو عام طور پر اس علاقہ میں کھایا جاتا ہے وہ تین کیلو ادا کرے۔ احتیاط واجب کی بنا پر وہ غذا نہ دے جو اس شہر میں زیادہ تر کھائی نہ جاتی ہوں چاہے وہ اوپر بیان شدہ چیزیں کیوں نہ ہوں۔

# فطرہ کس وقت دیا جائے؟



جو نماز عید پڑھے وہ احتیاط واجب کی بنا پر عید کی نماز سے پہلے ادا کرے اور جو نماز عید نہ پڑھے وہ ظہر تک تاخیر کر سکتا ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/




جو نماز عید پڑھنے کا ارادہ رکھتا ہے وہ احتیاط واجب کی بنا پر عید کی نماز سے پہلے فطرہ ادا کرے اور جو نماز عید نہ پڑھے وہ ظہر تک تاخیر کر سکتا ہے

# کیا فطرہ ایک دن پہلے الگ کر سکتے ہیں؟



جی ہاں شب عید کی مغرب کے بعد سے فطرہ نکالا اور مستحق تک پہنچایا جا سکتا ہے اور بنا بر احتیاط وجب ظہر سے پہلے تک مستحق تک پہنچا دے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/



جی ہاں شب عید کی مغرب کے بعد سے فطرہ نکالا جا سکتا ہے اور دیا جا سکتا ہے۔


# کیا رمضان میں فطرہ دیا جا سکتا ہے؟

احتیاط واجب یہ ہے کہ رمضان میں بھی فطرہ نہ دے لیکن قرض کے طور پر دیا جا سکتا ہے اور عید والے دن قرض کو حساب کر لے۔



Presented by: https://jafrilibrary.com/

رمضان میں فطرہ دیا جا سکتا ہے، لیکن احتیاط مستحب یہ ہے کہ رمضان میں فطرہ نہ دے اور شب عید تک انتظار کرے۔




# کیا رمضان سے پہلے فطرہ دیا جا سکتا ہے؟

رمضان سے پہلے فطرہ دینا صحیح نہیں ہے لیکن قرض کے طور پر دیا جا سکتا ہے اور عید والے دن قرض کو حساب کر لے۔



Presented by: https://jafrilibrary.com/

رمضان سے پہلے فطرہ دینا صحیح نہیں ہے




# اگر ظہر سے پہلے فطرہ مستحق تک نہ پہنچا سکے؟



گر فطرہ کی نیت سے مال الگ کر دے اور ظہر تک نہ پہنچا سکے تو احتیاط واجب کی بنا پر جب پہنچائے تو اس وقت فطرہ کی نیت کرے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/



اگر فطرہ کی نیت سے مال الگ کر دے اور ظہر تک نہ پہنچا سکے اور نہ پہنچانا عقلی دلیل کی بنا پر ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔ مثلا مستحق سفر پر ہو اور اسکا انتظار کر رہا ہو۔


# اگر کوئی فطرہ ادا نہیں کر سکا؟

اگر کوئی فطرہ کو اپنے وقت میں ادا نہ کرے اور نہ فطرہ الگ کرے تو بعد
میں جب ادا کرے تو ادا و قضا کی نیت کے بغیر فطرہ ادا کرے۔



Presented by: https://jafrilibrary.com/

اگر کوئی فطرہ کو اپنے وقت میں ادا نہ کرے اور نہ فطرہ الگ کرے تو بعد میں
جب ادا کرے تو ادا و قضا کی نیت کے بغیر مافی الذمہ کی نیت سے فطرہ ادا کرے۔




# گھر کے افراد میں فطرہ کون ادا کریگا؟



گھر کا سربراہ تمام اہل کفالت لوگوں کا فطرہ ادا کرے گا حتی جو بچہ چاند رات مغرب سے پہلے پیدا ہوا ہو اسکا بھی فطرہ ادا کریگا۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/



گھر کا سربراہ تمام اہل کفالت لوگوں کا فطرہ ادا کرے گا


حتی جو زیر کفالت بچہ چاند رات مغرب سے پہلے پیدا ہوا ہو۔

# کیا فطرہ کی رقم بدل سکتے ہیں؟



اگر فطرے کی رقم کو الگ کر دیا گیا ہے تو اسکو بدل نہیں سکتے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/




اگر فطرے کی رقم کو الگ کر دیا گیا ہے تو اسکو اپنے استعمال میں نہیں لا سکتا۔

# مہمان کا فطرہ کس کے ذمہ ہے؟



اگر عید کی رات افطار پر کوئی مہمان آجائے تو اسکا فطرہ خود مہمان دیگا۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/




اگر عید کی رات افطار پر کوئی مہمان آجائے تو اسکا فطرہ خود مہمان دیگا۔

# نانخور کے کیا معنی ہیں؟

نانخور کا مطلب تحت کفالت ہونا ہے یعنی ایسا فرد جس کا کھانا اور خرچہ کسی
کے ذمہ ہو اگرچہ کچھ عرصہ کے لیئے عارضی طور پر ہی کیوں نہ ہو



Presented by: https://jafrilibrary.com/




# کتنے دن میزبان خرچہ اٹھائے تو نانخور کہلائے گا۔

اس کی تشخیص خود مکلّف نے کرنی ہے کہ معاشرے میں لوگ کتنے دن کے م
ہمان کو عارضی طور پر تحت کفالت میں شمار کرتے ہیں یا یا روٹی کھانے والا کہتے ہیں؟



Presented by: https://jafrilibrary.com/




# نانخور مغرب سے پہلے اگر مہمان ہو جائے تو اسکا فطرہ کون دیگا؟



1- اگر غروب سے پہلے میزبان کی مرضی سے ایسا مہمان آئے جو نانخور شمار ہو تو میزبان پر اسکا فطرہ واجب ہے۔

2- اگر غروب سے پہلے مہمان، میزبان کی مرضی کے بغیر آئے اور ایک مدت تک قیام کرے تو اسکا فطرہ میزبان پر واجب ہے، اسی طرح ایسا نانخور بھی جسکا خرچہ میزبان مجبوری میں دے اسکا فطرہ بھی میزبان پر واجب ہے۔

Presented by https://jafrilibrary.com/



1-اگر غروب سے پہلے مہمان آئے اور رات کو ٹھہرے اور نانخور شمار چاہے عارضی طور پر تو میزبان پر اسکا فطرہ واجب ہے


2-اگر غروب سے پہلے مہمان، میزبان کی مرضی کے بغیر آئے اور ایک مدت تک قیام کرے تو اسکا فطرہ میزباکے ذمہ ہونا محل اشکال ہے، اور ظاہر یہ ہے کہ میزبان پر واجب نہیں لیکن بہتر یہ ہے کہ میزبان فطرہ دے دے۔

# نانخور مغرب کے بعد مہمان بنے تو اسکا فطرہ کس کے ذمہ ہے؟



اگر مہمان کو مغرب سے پہلے بھی دعوت دیں لیکن وہ مغرب کے بعد آئے تو میزبان پر اسکا فطرہ **واجب نہیں** ہے

Presented by https://jafrilibrary.com/




اگر مہمان کو مغرب سے پہلے بھی دعوت دیں اور وہ نانخور شمار میں آئے تو اگر وہ مغرب کے بعد بھی آئے تو میزبان پر اسکا فطرہ **بنا بر احتیاط واجب** ہے

# اگر مہمان یا تحت کفالت اپنا فطرہ خود ادا کردے تو کیا سربراہ سے ساقط ہوجائے گا؟



اگر نانخور شمار ہوتا ہو اور میزبان کی اجازت سے دے تو
میزبان سے فطرہ **ساقط** ہو جائے گا۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/




اگر کسی پر فطرہ واجب ہو اور اسکی جگہ نانخور یا مہمان فطرہ دے تو
سربراہ یا میزبان سے فطرہ **ساقط نہیں** ہوگا۔

# جس پر فطرہ واجب ہے اگر وہ ادا نہ کرے تو؟



Presented by: https://jafrilibrary.com/



اگر جس پر فطرہ واجب ہے وہ فطرانہ نہ دے مثال کے طور پر سربراہ یا میزبان تو خود تحت کفالت فرد بنا بر احتیاط واجب فطرہ ادا کرے۔ [ یاد رہے نابالغ/غیر عاقل/ بیہوش / فقیر پر فطرہ واجب نہیں ہے ]


# جس پر فطرہ واجب ہے اگر وہ ادا نہ کرے تو؟

اگر نانخور شمار ہوتا ہو اور میزبان کی اجازت سے دے تو
میزبان سے فطرہ **ساقط** ہو جائے گا۔



Presented by: https://jafrilibrary.com/

اگر کسی پر فطرہ واجب ہو اور اسکی جگہ نانخور یا مہمان فطرہ دے تو
سربراہ یا میزبان سے فطرہ **ساقط نہیں** ہوگا۔




# ماں کے شکم میں جو بچہ ہے اسکا فطرہ ہے؟



جنین کا فطرہ واجب نہیں ہے/ غروب سے پہلے پیدا ہونے والے بچے کا فطرہ واجب ہے/ غروب کے بعد پیدا ہونے والے بچے کا فطرہ مستحب ہے

Presented by: https://jafrilibrary.com/




جنین کا فطرہ واجب نہیں ہے/ غروب سے پہلے پیدا ہونے والے بچے کا فطرہ واجب ہے/ غروب کے بعد پیدا ہونے والے بچے کا فطرہ مستحب ہے

# کیا فقیر پر فطرہ واجب ہے؟



اگر کوئی فقیر ہو اور سال بھر کا خرچ بھی نہ رکھتا ہو اور روزگار یا درآمد کا ذریعہ بھی نہ ہو تو اس پر فطرہ واجب نہیں ہے، اور مستحق ہے کہ فطرہ دریافت کرے

Presented by: https://jafrilibrary.com/



اگر کوئی فقیر ہو اور سال بھر کا خرچ بھی نہ رکھتا ہو اور روزگار یا درآمد کا ذریعہ بھی نہ ہو تو اس پر فطرہ واجب نہیں ہے۔


# اگر کسی کے پاس فطرہ کے لیئے صرف تین کیلو گندم ہے

ایسے شخص پر مستحب ہے فطرہ دے اس طرح کے پہلا فرد فطرہ نکال کر دوسرے کو دے اور دوسرا فطرہ نکال کر تیسرے کو دے اور اسی طرح گھر کے تمام افراد ادا کریں اور آخری شخص کسی غیر کو فطرہ ادا کرے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/



ایسے شخص پر مستحب ہے فطرہ دے اس طرح کے پہلا فرد فطرہ نکال کر دوسرے کو دے اور دوسرا فطرہ نکال کر تیسرے کو دے اور اسی طرح گھر کے تمام افراد ادا کریں اور آخری شخص کسی غیر کو فطرہ ادا کرے۔




# ملازمین کا فطرہ



اگر ملازم کا کھان پینا اور خرچ مالک کے ذمہ ہے تو اسکا فطرہ مالک پر واجب ہے

Presented by: https://jafrilibrary.com/




اگر ملازم کا کھان پینا اور خرچ مالک کے ذمہ ہے تو اسکا فطرہ مالک پر واجب ہے

# اگر فطرہ کی رقم ضائع ہو جائے تو کیا وظیفہ ہے؟



اگر فطرہ کی رقم جو نکالی تھی لیکن فقیر تک پہنچانے میں سستی کی اور وہ ضائع ہو گیا مثلا چوری ہو جائے تو ضامن ہے لیکن اگر فقیر تک دسترس نہیں تھی تو ضامن نہیں اور اسی طرح اگر کوتاہی نہیں کی اور ضائع ہو گیا تو بھی ضامن نہیں

Presented by https://jafrilibrary.com/



اگر فطرہ کی رقم جو نکالی تھی لیکن فقیر تک پہنچانے میں سستی کی یا حفاظت میں کوتاہی کی اور وہ ضائع ہو گیا مثلا چوری ہو جائے تو ضامن ہے لیکن اگر فقیر تک دسترس نہیں تھی تو ضامن نہیں اور اسی طرح اگر کوتاہی نہیں کی اور ضائع ہو گیا تو بھی ضامن نہیں ہے


# فطرہ کے مستحق فقیر کی شرائط کیا ہیں؟

فقیر کا عادل ہونا ضروری نہیں لیکن شرابخور، کھلے عام گناہ کرنے والا اور
معصیت میں فطرہ کو استعمال کرنے والے کو بنابر احتیاط واجب فطرہ نہ دیا جائے



Presented by: https://jafrilibrary.com/

بنابر احتیاط واجب شرابخور، بے نمازی اور جو کھلے عام گناہ یا فطرہ کو معصیت میں
مصرف کریگا اسکو فطرہ نہ دیا جائے




# فطرہ غیر مستحق کو دے دیا اب کیا کریں؟



اگر مستحق سمجھتے ہوئے کسی غیر مستحق کو فطرہ دے دیا جائے تو اگر اس نے خرچ نہ کرلیا ہو تو واپس لے کر مستحق کو پہنچائے، اور اگر واپس نہیں لے سکتا ہے تو اسکے برابر فطرہ مستحق کو اپنے پاس سے ادا کرے۔ اگر خرچ ہو گیا اور لینے والے کو معلوم تھا کہ یہ فطرہ ہے یا احتمال تھا کہ فطرہ ہے تو ادا کرے لیکن اگر لینے والا ادا نہ کرے تو دینے والا ادا کریگا۔ لیکن اگر لینے والے کو معلوم نہیں تھا کہ یہ فطرہ ہے اور احتمال بھی نہیں تھا تو اس پر اسکا عوض دینا واجب نہیں ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/




اگر مستحق سمجھتے ہوئے کسی غیر مستحق کو فطرہ دے دیا جائے تو اگر اس نے خرچ نہ کرلیا ہو تو ضروری ہے کہ واپس لے کر مستحق کو پہنچائے، اور اگر واپس نہیں لے سکتا ہے تو اسکے برابر فطرہ مستحق کو اپنے پاس سے ادا کرے۔ اگر خرچ ہو گیا اور لینے والے کو معلوم تھا کہ یہ فطرہ ہے یا احتمال تھا کہ فطرہ ہے تو ادا کرے لیکن اگر لینے والا ادا نہ کرے تو دینے والا ادا کریگا۔ لیکن اگر لینے والے کو معلوم نہیں تھا کہ یہ فطرہ ہے اور احتمال بھی نہیں تھا تو اس پر اسکا عوض دینا واجب نہیں ہے

# اگر کوئی کہے میں فقیر ہوں تو کیا فطرہ دے دیں؟



اگر کوئی کہے میں فقیر ہوں تو صرف اس کے کہنے پر اسکو فطرہ نہیں دیا جاسکتا مگر یہ کہ اطمینان ہو یا پہلے سے جانتا ہو کہ پہلے فقیر تھا پھر اسکو فطرہ دیا جاسکتا ہے

Presented by: https://jafrilibrary.com/



اگر کوئی کہے میں فقیر ہوں تو صرف اس کے کہنے پر اسکو فطرہ نہیں دیا جاسکتا مگر یہ کہ اطمینان ہو یا پہلے سے جانتا ہو کہ پہلے فقیر تھا پھر اسکو فطرہ دیا جاسکتا ہے

# فطرہ کہاں خرچ کیا جاسکتا ہے؟



فطرہ کا مصرف زکات کے مصرف کی طرح ہے: إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ وَالْعَامِلِينَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغَارِمِينَ وَفِي سَبِيلِ اللَّهِ وَابْنِ السَّبِيلِ ۖ فَرِيضَةً مِّنَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ [توبہ 60]

صدقات و خیرات بس فقراء, مساکین اوران کے کام کرنے والے اور جن کی تالیف قلب کی جاتی ہے اور غلاموں کی گردن کی آزادی میں اور قرضداروں کے لئے اور راہ خدا میں غربت زدہ مسافروں کے لئے ہیں یہ اللہ کی طرف سے فریضہ ہے اور اللہ خوب جاننے والا اور حکمت والا ہے۔ 1

Presented by: https://jafrilibrary.com/

-فقیر شیعہ : جو سال بھر کا خرچ پورا نہیں کرسکتا اور اسکے پاس کوئی ملکیت بھی نہیں جسکو فروخت کرے پورا کرے

2-مساکین جو فقیر سے بھی مالی حالت میں بدتر ہیں۔

3-جو امام یا نائب امام کی طرف سے زکات کی جمع آوری پر مامور ہے۔

4-ایسے کافر جنکو اگر زکات دی جائے تو وہ جنگ میں مسلمانوں کا ساتھ دینے اور انکے دل مسلمانون کی طرف مائل ہونگے اسکی تشخیص بھی امام یا نائب امام ہی دینگے۔

5-قرض دار جو اپنا قرض ادا کرنے کے لئے کوئی مال نہیں رکھتا۔

6-فی سبیل اللہ: مسجد کی تعمیر، ایسا کام جو عام فائدے کے لیئے ہو جیسے پل بنانا، یا ایسا کام جس سے اسلام کو فروغ ہوگا

7- وابن السبیل : ایسا شخص جو کسی دوسرے شہر یا ملک میں پھنس گیا ہے اور اسکے پاس واپس پہنچے کے وسائل نہیں ہیں۔


# کیا قرض دار کا قرض ادا کرنے کے لیئے فطرہ دیا جاسکتا ہے؟

اگر کوئی قرض دار ہے تو اسکا قرض ادا کرنے کے لیئے فطرہ دیا جاسکتا ہے



Presented by: https://jafrilibrary.com/

جس پر قرض ہے اگر سال کا خرچ بھی اسکے پاس ہو لیکن قرض ادا کرنے کی رقم نہ ہو قرض کے لیئے زکات یا زکات فطرہ لے سکتا ہے۔




# کیا رشتہ داروں کو فطرہ دیا جاسکتا ہے؟



مستحب ہے کہ رشتہ دار فقیروں کو ترجیح دے، پھر ہمسایہ فقیروں کو پھر اہل علم
فقیروں کو پھر کسی بھی جہت سے فقیر اہمیت رکھتا ہے اسکو غیر اہم فقیر پر ترجیح دے

Presented by https://jafrilibrary.com/




مستحب ہے کہ رشتہ دار فقیروں کو ترجیح دے، پھر ہمسایہ فقیروں کو پھر جو تحصیل دین کے لیئے وطن ترک کرچکے ہیں
انکو ترجیح دے پھر اہل علم فقیروں کو پھر کسی بھی جہت سے فقیر اہمیت رکھتا ہے اسکو غیر اہم فقیر پر ترجیح دے

# کیا بتانا ضروری ہے کہ یہ فطرہ ہے؟



نہیں یہ بیان کرنا ضروری نہیں کہ فطرہ ہے لیکن خود نیت زکات فطرہ کی ہی کریگا

Presented by: https://jafrilibrary.com/



نہیں یہ بیان کرنا ضروری نہیں کہ فطرہ ہے لیکن خود نیت زکات فطرہ کی ہی کریگا


# غیر سید کا فطرہ کس کو دیا جائیگا؟

اگر کوئی غیر سید ہے تو وہ سید کو فطرہ نہیں دے سکتا حتی اگر سید نانخور
اسکے زیر کفالت ہو تو اسکا فطرہ بھی سید کو نہیں دے سکتا ہے



Presented by https://jafrilibrary.com/

غیر سید کا فطرہ سید کو نہیں دیا جاسکتا حتی اگر غیر سید کے تحت کفالت کوئی سید ہو تو
اسکا بھی فطرہ سید کو نہیں دیا جاسکتا ہے




# سید کا فطرہ کس کو دیا جاسکتا ہے؟

سید کا فطرہ سید اور غیر سید دونوں کو دیا جاسکتا ہے
حتی اگر اسکے غیر کفالت غیر سید ہو۔



Presented by https://jafrilibrary.com/

سید کا فطرہ سید اور غیر سید دونوں کو دیا جاسکتا ہے
حتی اگر اسکے غیر کفالت غیر سید ہو۔



# والسلام علیکم

احقر العباد: سید ارتضی حسن رضوی

WhatsApp:+989919239600

Presented by: https://jafrilibrary.com/